# رفوح اخبار

—— جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کی مساعی جمیلہ کی وجہ سے فرانسیسی حکومت نے فلسطین کے مفتی اعظم حضرت سید امین الحسینی کو قصبہ ذوق سے رہا کر دیا ہے۔

—— حکومت ترکی نے حکم جاری کیا ہے کہ سترہ ۱۷ سال کی عمر سے لیکر پچپن ۵۵ سال کی عمر تک ہر ترک کیلئے اسلحہ کا استعمال ضروری ہے اس کی مخالفت کرنے والے کو سخت سزا دیجائیگی۔

—— قصبہ اسکندرونہ کے سلسلہ میں فرانس اور ترکی میں صلح ہوگئی ہے جسکی رو سے اسکندرونہ ایک ترکی حاکم کے ماتحت کر دیا جائیگا۔ اور قیام امن کی ذمہ داریاں مشترک طور پر ترکی اور فرانس کی فوجیں انجام دینگی۔

—— مکہ معظمہ میں سوق الصغیرہ کی جانب شاندار مارکیٹ تیار کیا گیا ہے تاکہ وہاں گوشت اور سبزی سررشتہ حفظان صحت کی نگرانی میں فروخت ہوا کرے رسم افتتاح شیخ عباس رئیس بلدیہ نے انجام دی۔

—— چین اور جاپان کی جنگ دن بدن طول پکڑتی جا رہی ہے جس سے جاپانی حکومت نے سخت ہراساں ہو کر اپنے ملک میں ایسے قوانین نافذ کر دئے ہیں جو کہ سخت تکلیف دہ ہیں چنانچہ جاپان کے عام باشندے آج کل اس جنگ کی مخالفت کر رہے ہیں۔

—— حکومت یوپی نے صوبہ سے جہالت کو دور کرنے اور موجودہ نظام تعلیم کے اصلاح کرنیکی ایک اہم اسکیم بنائی ہے اس اسکیم پر سات لاکھ روپیہ صرف کیا جائیگا۔

—— آجکل کانگریسی صوبوں میں رشوت ستانی کے خلاف جہاد بہت زوروں پر ہے چنانچہ حکومت مدراس نے سول سروس کے ممبروں کو ایک سرکلر میں یہانتک لکھدیا ہے کہ اگر جوڈیشل طور پر کسی افسر کے خلاف جس پر رشوت لینے کا شبہ ہو اور رشوت لینا ثابت نہ ہو تو بھی اس شبہ کو ہی اس کو برطرف کرنیکا بالواسطہ ثبوت سمجھا جائے۔

—— مسلمانوں کی مفلس غریب تنگدست اور جاہل قوم رسم ورواج کے نام پر کس قدر تباہ کن فضولخرچی سے کام لیتی ہے اس کا اندازہ حسب ذیل اعداد و شمار سے ہو سکتا ہے۔ ولادت آٹھ کروڑ روپیہ۔ شادی چھ کروڑ روپیہ۔ ختنہ دو کروڑ روپیہ۔ وفات دس کروڑ روپیہ۔ نیاز گیارھویں وفاتحہ دو کروڑ روپیہ۔ کل میزان اٹھائیس کروڑ روپیہ ہر سال اٹھائیس کروڑ روپیہ کی گرانقدر رقم رسم ورواج کی دیوی کے بھینٹ چڑھانے کے بجائے اگر صنعتی اداروں اور دوسرے مفید کاموں پر صرف کی جائے تو مسلمان غریب مفلس تنگدست اور جاہل کبھی نہیں رہ سکتے۔ کیا رسم ورواج کے متوالے اس پر غور کرنے کی زحمت گوارا فرمائیں گے!

(اقبال احمد امین گونڈوی)

جناب شیخ حاجی عبدالوہاب صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دارالحدیث رحمانیہ سے شائع کیا